PRNO.26/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا IESCO ہیڈ آفس کا دورہ

میٹروں کی غلط ریڈنگ اور اضافی بلوں کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔ وفاقی محتسب

عوام کی سہولت کے لئے مزید ''کسٹمرز سہولیاتی مراکز'' قائم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز IESCO اسلام آباد کے ہیڈ آفس اور کسٹمرز سہولیاتی مرکز (Customers Facilitation Centre) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور IESCO کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ IESCO کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات کے دوران معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب میں موصول ہونے والی شکایات کی روشنی میں بجلی کے اضافی بلوں، ڈپلیکیشن بل، بجلی کے میٹروں کی غلط ریڈنگ، پرانے اور خراب میٹروں کی تبدیلی، گھروں کی بجلی منقطع کرنے کے معاملات نیز ٹرانسفارمرز، بجلی کے میٹروں اور کھمبے لگانے میں تاخیر جیسے مسائل پر قابو پانے اور اپنی سروسز کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر معائنہ ٹیم کو IESCO کی طرف سے ایک بریفنگ کے دوران موجودہ صورت حال اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں بریف کیا گیا اور بتایا گیا کہ عوام کی سہولت اور آگاہی کے لئے IESCO SMART APP بھی شروع کر دی گئی ہے۔ اس وقت 06 سرکلز میں 20 ''کسٹمرز سہولیاتی مراکز'' کام کر رہے ہیں جب کہ ہر ڈویژن کی سطح پر ایسے مراکز قائم کرنے کے منصوبے پر بھی عمل جاری ہے۔ معائنہ ٹیم نے IESCO کے کسٹمرز سہولیاتی مرکز (Customers Facilitation Center) کے دورے کے دوران وہاں پر موجود افراد کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی IESCO انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے ہدایات دیں۔ وہاں پر موجود افراد نے گفتگو کے دوران اس سنٹر کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور بتایا کہ صارفین کو یہ ایک اچھی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے بھی اس سنٹر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب کو اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

08 مئی 2025ء